© rasailojaraid.com



# آہ! مقیم الدین فاروقی

ماہ ستمبر ۱۹۹۵ء میں کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا کے سکریٹری جناب مقیم الدین فاروقی دل کا دورہ پڑنے سے انتقال کر گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم فاروقی بڑے ہی ملنسار اور ہمدرد قوم انسان تھے۔ مفکر ملت حضرت مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی ؒ کے زبردست معتقد تھے ان کے پرستار تھے۔ یہی وجہ ہے کہ کمیونسٹ پارٹی میں رہنے کے باوجود انہوں نے کسی بھی مذہب یا اسلام مغائر حرکت کو نہیں ہونے دیا مسلم پرسنل لا کے معاملے میں ان کے خیالات اپنی پارٹی سے بالکل مختلف تھے اور وہ اس معاملے میں اس آل انڈیا مسلم پرسنل لا بورڈ کے موئد تھے جسکے سربراہوں میں حضرت مولانا عبد الماجد دریا آبادی، مفکر ملت حضرت مفتی عتیق الرحمٰن عثمانی ؒ، حضرت مولانا سعید احمد اکبر آبادی ؒ، حضرت مولانا امیر شریعت منت اللہ رحمانی ؒ جیسے اکابرین کا نام گرامی رہا ہے۔ اور جس کے موجودہ کرتا دھرتا حضرت مولانا سید ابو الحسن علی ندوی دامت برکاتہم کا اسم مبارک نمایاں ہے۔ ایم فاروقی بیشک کامریڈ تھے لیکن اندر سے وہ پکے مسلمان تھے۔ ان کا دل و دماغ اسلامی تعلیمات سے منور و سرشار تھا۔ غریب پرور اور رحم دل تھے دوسروں کے کام آنا ان کا اصل مقصد تھا۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ مرحوم کی لغزشوں کو درگذر فرماکر ان کے ساتھ رحم وکرم کا معاملہ فرما اور ان کی مغفرت فرما کر مقام رحمت میں جگہ عطا فرمائے آمین ثم آمین۔

(م۔ س۔ ب)

© rasailojaraid.com